[As INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**Bill**

*to provide for regulation of digital and visual media content, prohibit obscenity and indecency, and protect Islamic social values, national culture, and public morality in Pakistan*

**WHEREAS**, it is expedient to regulate digital and visual media content to prevent the dissemination of obscene and indecent material that adversely affects Islamic social values, national culture, family systems, and the moral well-being of the younger generation; and

**AND WHEREAS**, it is necessary to establish mechanisms for content evaluation, enforcement, and public participation to ensure ethical media practices and compliance with the ideology of Pakistan; and

**AND WHEREAS,** it is necessary to provide for investigation, prosecution, and international cooperation in respect of such content without prejudice to existing laws;

It is hereby enacted as follows:-

## CHAPTER I
## PRELIMINARY

1. **Short title, extent and commencement. -** (1) This Act may be called the Prevention of Obscenity and Indecency in Digital Media Bill, 2025.

(2) It extends to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions. -** (1) In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,-

(i) **"act"** includes-

(a) a series of acts or omissions contrary to the provisions of this Act; or

(b) causing an act to be done by a person either directly or through a digital or visual media platform;

(ii) **"content"** means any text, image, audio, video, or multimedia material, including films, web series, dramas, songs, short videos, animated sketches, live streams, and advertisements, transmitted or accessible through digital or visual media;

(iii) **"digital platform"** means any online or offline medium that disseminates audiovisual or written content, including applications, and other social media or streaming services;

(iv) **"visual media"** means television broadcasts, films, advertisements, or any visual content distributed through electronic or digital channels;

(v) **"obscene content"** means material that-

(a) promotes nudity, sexual innuendo, illicit relations, or explicit sensual acts;

(b) appeals to prurient interest, as judged by contemporary community standards in Pakistan; or

(c) lacks serious literary, artistic, political, educational, or scientific value;

(vi) **"indecent content"** means any expression or action that-

(a) offends public morality, modesty, or religious sentiments;

(b) ridicules the veil, hijab, Islamic injunctions, family systems, or religious personalities; or

(c) contravenes the ideology of Pakistan or cultural norms;

(vii) **"Authority"** means the authority designated by the Government of Pakistan to ensure the implementation on this law;

(viii) **"Board"** means the Digital Content Evaluation Board established under section 5;

(ix) **"service provider"** means any person or entity that owns, operates, or manages a digital platform or provides services for hosting, transmitting, or storing content;

(x) **"content creator"** means any individual or entity producing or uploading content on digital or visual media platforms;

(xi) **"Court"** means the Court of competent jurisdiction designated under this Act;

(xii) **"PTA"** means the Pakistan Telecommunication Authority established under the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 (XVII of 1996);

(xiii) **"Tribunal"** means the Digital Media Appellate Tribunal established under section 13.

(2) Unless the context provides otherwise, any other expression used in this Act or rules made thereunder but not defined in this Act, shall have the same meanings assigned to the expressions in the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860), the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898) and the Qanoon-e-Shahadat, 1984 (P.O. No. X of 1984), as the case may be.

## CHAPTER II

## POWERS AND FUNCTIONS OF AUTHORITY AND BOARD

**3. Establishment of Authority.** - (1) As soon as may be after the commencement of this Act, the Federal Government shall, by notification in the official Gazette, establish an Authority for carrying out the purposes of this Act.

(2) The Authority shall be a body corporate having perpetual succession and a common seal, with powers to acquire, hold, and dispose of property and to sue and be sued in its name.

**4. Powers and functions of the Authority.** - (1) In addition to the functions and powers specified otherwise in this Act, the Authority shall have the following powers and functions, namely: -

(a) to regulate and monitor digital and visual content to ensure compliance with the provisions of this Act;

(b) to issue rules, guidelines, directives, and content standards for digital platforms, content creators, and service providers;

(c) coordinate with the Pakistan Telecommunication Authority, which shall execute technical measures for content restriction in accordance with the Pakistan Telecommunication (Re-Organization) Act, 1996;

(d) to promote public awareness, digital literacy, and ethical standards for content creation and consumption;

(e) to engage with international organizations, digital platforms, and regulatory bodies for the exchange of best practices and policy harmonization;

(f) to supervise and act upon the recommendations of the Digital Content Evaluation Board;

(g) to maintain a repository of complaints, enforcement actions, and compliance records relating to content regulation;

(h) to perform any other function incidental or conducive to the objectives of this Act.

(2) The Authority may delegate all or any of its functions and powers, other than the functions and powers under Chapter III, to any officer of the Authority by notification in the official Gazette subject to such conditions as it may deem appropriate.

**5. Establishment of the Digital Content Evaluation Board.** - (1) As soon as may be, but not later than ninety days after the commencement of this Act, the

Federal Government shall, by notification in the official Gazette, establish a Digital Content Evaluation Board.

(2) The Board shall consist of the following members to be appointed by the Federal Government for a term of three years, renewable once: -

(a) two religious scholars out of which one male and one female, with expertise in Islamic jurisprudence;

(b) two psychologists specializing in media impact on youth;

(c) one female representative from civil society or academia to ensure gender-sensitive perspectives;

(d) one legal expert in media law;

(e) one media professional with content regulation experience.

(3) The Federal Government shall designate one member as Chairperson of the Board.

(4) The members shall serve on a part-time basis and may be paid such honoraria and allowances as may be prescribed.

(5) No person shall be appointed or continue as a member if he or she---

(a) has been convicted of an offence involving moral turpitude;

(b) is of unsound mind as declared by a competent court;

(c) is an undischarged insolvent; or

(d) has a direct financial or professional interest in a digital platform regulated under this Act.

(6) A member may resign by submitting a written notice to the Federal Government, which shall become effective upon acceptance.

(7) The Federal Government may remove a member on the grounds of misconduct, incapacity, conflict of interest, or continuous absence from three consecutive meetings without reasonable cause, provided that the member is given an opportunity to be heard.

(8) A vacancy arising from resignation, removal, death, or any other cause shall be filled within sixty days, and the new appointee shall serve for the remainder of the term.

**6. Powers and functions of the Board. -** In addition to the powers and functions conferred elsewhere under this Act or any other applicable law, the Board shall exercise the following powers and perform the following functions, namely: -

(a) review and approve films, web series, and OTT content before streaming or broadcasting, provided that content already cleared by PEMRA shall not require duplicate clearance unless re-edited or reformatted for digital distribution.;

(b) issue directives to ban, edit, or remove prohibited content;

(c) take action on its own motion or on receipt of complaints regarding obscene or indecent content;
(d) prescribe fines for contravention of the provisions of this Act or rules made thereunder;
(e) adjudicate complaints and recommend actions to the Authority;
(f) develop content classification guidelines through stakeholder consultation.

**7. Enforcement Coordination and Procedural Hierarchy. -** For the purposes of implementing the provisions of this Act and ensuring effective enforcement, the following coordination mechanism shall apply :-

(a) The Digital Content Evaluation Board shall evaluate content brought before it through complaints, referrals, or suo motu action and may issue recommendations regarding blocking, removal, restriction, or categorization of content;
(b) The Authority shall, upon receiving the recommendation of the Board or otherwise upon its own determination under Section 4, issue a formal directive to the Pakistan Telecommunication Authority (PTA) for execution of any technical measures for content blocking, restriction, or disabling under Section 37 of the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016;
(c) Where any content amounts to a cognizable offence under the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016, the Authority shall refer the matter to the Federal Investigation Agency (FIA) or the designated National Cyber Crime Investigation Agency (NCCIA) for investigation and prosecution, as appropriate;
(d) The PTA, upon receipt of a valid directive under clause (b), shall act in accordance with its mandate under the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996, and implement the technical measures as required;
(e) Any inter-agency conflict, duplication, or overlap shall be resolved by a Joint Implementation Committee, to be notified by the Federal Government, comprising representatives from the Ministry of Information Technology and Telecommunication, the Authority, the Pakistan Telecommunication Authority and Federal Investigation Agency.

## CHAPTER III

## PROHIBITION OF OBSCENE AND INDECENT CONTENT

**7. Prohibited content.** - (1) No person, content creator, or service provider shall produce, distribute, transmit, or exhibit obscene or indecent content through digital or visual media.

(2) Prohibited content includes material that: -

(a) contains semi-vulgar dress, sensual acts, or sexual discourse;
(b) glorifies adultery, extra-marital affairs, or sexual depravity, excluding content covered under sections 20 to 22 of the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016;
(c) ridicules the veil, hijab, Islamic injunctions, family systems, or religious personalities;
(d) presents individuals solely for sexual representation;
(e) promotes drug addiction, gang culture, or suicide, except where addressed under section 9 of the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016.

(3) The Authority or the Board shall determine obscenity or indecency based on: -

(a) contemporary community standards in Pakistan;
(b) the context, purpose, and audience of the content;
(c) the potential impact on public morality, particularly on youth.

Provided that nothing in this Act shall be construed to authorize the arbitrary restriction of lawful expression and content expressing political opinions, satire, critique of policies, or religious discourse in good faith shall not be considered prohibited under this Act..

**8. Exemptions.** - (1) Content with demonstrable literary, artistic, educational, or scientific value may be exempted by the Board, provided it aligns with Islamic principles and public morality.

(2) The Board shall issue transparent exemption guidelines, developed through public consultation.

## CHAPTER IV

## CONTENT REGULATION AND ENFORCEMENT

**9. Obligations of service providers.** - (1) Every service provider shall: -

(a) report all content uploaded in Pakistan to the Board within fifteen days;
(b) remove or block prohibited content within twenty-four hours of notification by the Authority or Board;
(c) maintain a transparent grievance redressal mechanism to address complaints within seven days;
(d) retain content records for a period of three years, subject to section 32 of the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016.

(2) Non-compliance shall result in fines, suspension, or blocking of services.

**10. Obligations of content creators.** - (1) Content creators shall: -

(a) obtain prior approval from the Board for films, web series, or OTT content;
(b) assign age-appropriate ratings and content warnings;
(c) ensure compliance with this Act and guidelines issued by the Board.

**11. User Complaints and Redressal.** - (1) Any citizen, parent, or educational institution may lodge a complaint regarding obscene or indecent content with the Board or the investigation agency.

(2) The Board shall: -

(a) order interim removal of content within seventy-two hours of receiving a complaint;
(b) prioritize complaints affecting children, women, or religious sentiments;
(c) resolve complaints within thirty days, ensuring transparency.

(3) Whoever makes a false or malicious complaint shall be punished with imprisonment for a term which may extend to six months or with fine which may extend to fifty thousand rupees or with both.

**12. Penalties.** - (1) Any person or content creator disseminating prohibited content shall be punished with: -

(a) for the first violation, imprisonment for a term which may extend to one year or with fine which may extend to five hundred thousand rupees or with both;
(b) for a second violation or gross violation, imprisonment for a term which may extend to three years and with fine which may extend to five million rupees;
(c) for content disrespecting religion, women, children, or family systems, imprisonment for a term which may extend to five years and with fine which may extend to ten million rupees.

(2) Any service provider failing to comply with section 9 shall be liable to: -

(a) a fine which may extend to fifty million rupees for the first offence;
(b) a fine which may extend to one hundred million rupees and suspension for subsequent offences;
(c) revocation of license or service blocking for persistent violations.

(3) Offences under this Act shall be cognizable, non-bailable, and non-compoundable, except as specified under section 43 of the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016.

## CHAPTER V

## DIGITAL MEDIA APPELLATE TRIBUNAL

**13. Tribunals.** - (1) The Federal Government may, by notification in the official Gazette, establish as many Digital Media Appellate Tribunals for the purposes of this Act as it may determine. Where more than one such Tribunals are established, the Federal Government shall specify territorial limits within which or the class of cases in respect of which each of such Tribunal shall exercise jurisdiction under this Act.

(2) A Tribunal shall consist of: -

(a) a Chairperson, who has been or is qualified to be a judge of a High Court;

(b) a media professional having relevant experience with known professional competence in his field;

(c) an Information Technology or Digital Platform expert.

(3) The Chairman and members of a Tribunal shall be appointed by the Federal Government for a period of three years, on such terms and conditions as may be prescribed.

**14. Jurisdiction of the Tribunal.** - (1) The Tribunal shall exercise such powers and perform such functions as are or may be conferred upon or assigned to it by or under this Act or rules made thereunder.

(2) Any person aggrieved by any decision of the Authority or the Board may prefer an appeal before the Tribunal in such manner as may be prescribed within thirty days, provided that the Tribunal shall not hear appeals arising under the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016, unless expressly referred by the Federal Government or High Court.

(3) The Tribunal shall decide all cases within ninety days. In case the decision is not rendered within the stipulated time, the Tribunal shall record the reasons for the same.

**15. Appeal against decisions of the Tribunal.** - Any person aggrieved by the final decision of the Tribunal may prefer an appeal to the Supreme Court of Pakistan within sixty days of receipt of the decision.

## CHAPTER VI

## INVESTIGATION AND PROSECUTION

**16. Investigation agency.** - (1) Investigations under this Act shall be conducted by the National Cyber Crime Investigation Agency (NCCIA) established under section 29 of the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016.

(2) The NCCIA shall have powers as specified under Chapter III of the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016, for search, seizure, and data preservation.

**17. Cognizance and trial.** - (1) The Federal Government, in consultation with the Chief Justice of the respective High Court, shall designate presiding officers of the Courts to try offences under this Act at such places as deemed necessary.

(2) To the extent not inconsistent with this Act, the procedure laid down under the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898) and the Qanoon-e-Shahadat, 1984 (P.O. No. X of 1984), shall be followed.

## CHAPTER VII
## MISCELLANEOUS

**18. Relation of the Act with other laws.** - Notwithstanding anything contained in any other law, the provisions of this Act shall operate in harmony with the Pakistan Telecommunication (Re-Organization) Act, 1996, the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016, and the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 2002. Where functions overlap, the Federal Government shall issue joint rules to determine jurisdiction.

(2) In case of any inconsistency, the stricter provision shall apply.

**19. Power to make rules.** - (1) The Federal Government, in consultation with the Ministries of Information and Broadcasting, Religious Affairs, and Law and Justice, may, by notification in the official Gazette, make rules within ninety days for carrying out the purposes of this Act.

(2) Without prejudice to the generality of the foregoing powers, such rules may specify: -

(a) procedures for content evaluation and approval;
(b) standards for content classification and age ratings;
(c) mechanisms for complaint redressal and enforcement;
(d) manner of soliciting and extending international cooperation.

**20. Removal of difficulties.** - If any difficulty arises in giving effect to the provisions of this Act, the Federal Government may, within two years of the commencement of this Act and by order published in the official Gazette, make such provisions not inconsistent with the provisions of this Act as may appear to be necessary for removing the difficulty.

**21. Annual report.** - The Authority shall compile and submit an annual report on its operations and accounts for each financial year to both Houses of the Majlis-e-Shoora (Parliament) and shall also arrange for its publication and circulation to the media and the public.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The proliferation of digital and visual media in Pakistan has brought unprecedented access to content across various platforms, including social media, streaming services, and mobile applications. While these platforms offer opportunities for education, expression, and entertainment, they have also facilitated the dissemination of obscene, indecent, and morally injurious content that threatens the ideological foundations of the State, undermines Islamic social values, and negatively impacts public morality—particularly among the youth.

At present, there exists a regulatory vacuum with respect to non-licensed digital platforms such as over-the-top (OTT) services, user-generated video content, and online streaming, which are not adequately addressed by existing laws such as the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 2002, and the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016.

This Bill seeks to address that gap by:

- Establishing a dedicated legal framework for the regulation of digital content with respect to obscenity and indecency;
- Creating a Digital Content Evaluation Board with diverse expert representation;
- Empowering a designated Authority to oversee compliance, enforcement, public awareness, and international cooperation;
- Introducing a content classification and complaint adjudication mechanism;
- Enabling coordination with PTA and other agencies for technical enforcement.

The proposed legislation is consistent with the Constitution of Pakistan, Islamic injunctions, and international standards for protecting vulnerable audiences from harmful content, while balancing the right to freedom of expression with the imperatives of public decency, morality, and social cohesion.

**SD/-**
**MS. SHAHIDA REHMANI**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# پاکستان میں ڈیجیٹل وبصری میڈیا مواد، ممانعت فحاشی و عریانی اور تحفظ اسلامی معاشرتی اقدار، قومی ثقافت، اور عوامی اخلاقیات کے لئے احکام وضع کرنے کا

## بل

ہر گاہ کہ ڈیجیٹل اور بصری میڈیا مواد کو ضابطے میں لانا قرینِ مصلحت ہے تاکہ ایسے فحش اور ناشائستہ مواد کی تشہیر کو روکا جا سکے جو اسلامی معاشرتی اقدار، قومی ثقافت خاندانی نظام، اور نوجوان نسل کی اخلاقی بہبود پر منفی اثر ڈالتا ہے؛اور

اور ہر گاہ کہ، میڈیا کے اخلاقی طریقوں اور نظریہ پاکستان کی پاسداری کو یقینی بنانے کے لیے مواد کی جانچ پڑتال، نفاذ، اور عوامی شرکت کے لیے طریقہ کار وضع کرنا ضروری ہے؛اور

اور ہر گاہ کہ، موجودہ قوانین پر اثرانداز ہوئے بغیر ایسے مواد کے حوالے سے تفتیش، استغاثہ، اور بین الاقوامی تعاون کا اہتمام کرنا ضروری ہے؛

لہٰذا بذریعہ ہٰذا حسبِ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

## باب اول

### ابتدائیہ

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہٰذا ڈیجیٹل میڈیا میں فحاشی و عریانی کے امتناع کا بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) اس کا اطلاق پورے پاکستان پر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات۔** (۱) اس ایکٹ میں، بجز اس کے کہ متن یا سیاق میں کوئی بات اس کے منافی ہو۔

(i "فعل"، میں شامل ہے

(الف) اس ایکٹ کی دفعات کے خلاف افعال یا ترکِ فعل کا ایک سلسلہ؛ یا

(ب) کسی شخص سے براہِ راست یا کسی ڈیجیٹل یا بصری میڈیا پلیٹ فارم کے ذریعے کوئی فعل سرزد کروانا؛

(ii "مواد" سے مراد کوئی بھی متن، تصویر، آڈیو، ویڈیو، یا ملٹی میڈیا مواد ہے، بشمول فلمیں، ویب سیریز، ڈرامے، گانے، مختصر ویڈیوز، اینیمیٹڈ خاکے، براہِ راست نشریات (لائیو اسٹریمز)، اور اشتہارات، جو ڈیجیٹل یا بصری میڈیا کے ذریعے منتقل کیا جائے یا قابل رسائی ہو؛

(iii "ڈیجیٹل پلیٹ فارم" سے مراد کوئی بھی آن لائن یا آف لائن ذریعہ ہے جو سمعی و بصری یا تحریری مواد کی تشہیر کرتا ہو، بشمول ایپلی کیشنز، اور دیگر سوشل میڈیا یا اسٹریمنگ سروسز؛

(iv "بصری میڈیا" سے مراد ٹیلی ویژن نشریات، فلمیں، اشتہارات، یا کوئی بھی بصری مواد ہے جو الیکٹرانک یا ڈیجیٹل چینلز کے ذریعے تقسیم کیا جائے؛

(v "فحش مواد" سے مراد ایسا مواد ہے جو۔

(الف) عریانی، جنسی کنایوں، ناجائز تعلقات، یا صریح شہوانی افعال کو فروغ دے؛

(ب) پاکستان کے مروجہ معاشرتی معیارات کے مطابق شہوانی دلچسپی کو ابھارے؛ یا

(ج) سنجیدہ ادبی، فنی، سیاسی، تعلیمی، یا سائنسی قدر سے عاری ہو؛

(vi) ''ناشائستہ مواد'' سے مراد کوئی بھی ایسا اظہار یا عمل ہے جو۔

(الف) عوامی اخلاقیات، حیا، یا مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچائے؛

(ب) پردہ، حجاب، اسلامی احکامات، خاندانی نظام، یا مذہبی شخصیات کا تمسخر اڑائے؛ یا

(ج) نظریہ پاکستان یا ثقافتی اصولوں کی خلاف ورزی کرے؛

(vii) ''اتھارٹی'' سے مراد وہ اتھارٹی ہے جسے حکومتِ پاکستان اس قانون پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے نامزد کرے گی؛

(viii) ''بورڈ'' سے مراد دفعہ ۵ کے تحت قائم کردہ ڈیجیٹل مواد کی جانچ پڑتال کا بورڈ ہے؛

(ix) ''سروس فراہم کنندہ'' سے مراد کوئی بھی شخص یا ادارہ ہے جو کسی ڈیجیٹل پلیٹ فارم کا مالک ہو، اسے چلاتا ہو، یا اس کا انتظام کرتا ہو، یا مواد کی میزبانی، ترسیل، یا ذخیرہ کرنے کے لیے خدمات فراہم کرتا ہو؛

(x) ''مواد تخلیق کار'' سے مراد کوئی بھی فرد یا ادارہ ہے جو ڈیجیٹل یا بصری میڈیا پلیٹ فارمز پر مواد تیار یا اپ لوڈ کرتا ہو؛

(xi) ''عدالت'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت نامزد کردہ مجاز دائرہ اختیار کی عدالت ہے؛

(xii) ''پی ٹی اے'' سے مراد پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء (ایکٹ نمبر ۱۷ بابت ۱۹۹۶ء) کے تحت قائم کردہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی ہے؛

(xiii) ''ٹریبونل'' سے مراد دفعہ ۱۳ کے تحت قائم کردہ ڈیجیٹل میڈیا اپیلیٹ ٹریبونل ہے۔

(۲) بجز اس کے کہ سیاق سے کچھ اور ظاہر ہو، اس ایکٹ یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد میں استعمال ہونے والی کوئی بھی دوسری اصطلاح، جس کی تعریف اس ایکٹ میں نہیں کی گئی ہے، وہی معنی رکھے گی جو بالترتیب مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) اور قانونِ شہادت، ۱۹۸۴ء (صدارتی فرمان نمبر ۱۰ بابت ۱۹۸۴ء) میں ان اصطلاحات کو تفویض کیے گئے ہیں۔

## باب دوم

## اتھارٹی اور بورڈ کے اختیارات و فرائض

۳۔ **اتھارٹی کا قیام۔** (۱) اس ایکٹ کے نفاذ کے بعد جلد از جلد، وفاقی حکومت، سرکاری گزٹ میں اعلامیہ کے ذریعے، اس ایکٹ کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے ایک اتھارٹی قائم کرے گی۔

(۲) اتھارٹی ایک ادارہ جاتی ہیئت ہو گی جسے دوامی جانشینی اور ایک مشترکہ مہر حاصل ہو گی، اور اسے جائیداد حاصل کرنے، رکھنے، اور فروخت کرنے اور اپنے نام سے مقدمہ دائر کرنے اور اس پر مقدمہ دائر کیے جانے کا اختیار ہو گا۔

۴۔ **اتھارٹی کے اختیارات و فرائض۔** (۱) اس ایکٹ میں بصورتِ دیگر بیان کردہ فرائض اور اختیارات کے علاوہ، اتھارٹی کے پاس درج ذیل اختیارات اور فرائض ہوں گے، یعنی:۔

(الف) اس ایکٹ کی دفعات کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے ڈیجیٹل اور بصری مواد کو ضابطے میں لانا اور اس کی نگرانی کرنا؛

(ب) ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، مواد تخلیق کاروں، اور سروس فراہم کنندگان کے لیے قواعد، رہنما اصول، ہدایات، اور مواد کے معیارات جاری کرنا؛

(ج) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے ساتھ رابطہ کاری کرنا، جو پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تعمیر نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء کے مطابق مواد پر پابندی کے لیے تکنیکی اقدامات پر عمل درآمد کرے گی؛

(د) مواد کی تخلیق اور استعمال کے لیے عوامی آگاہی، ڈیجیٹل خواندگی، اور اخلاقی معیارات کو فروغ دینا؛

(ہ) بہترین طریقوں کے تبادلے اور پالیسی میں ہم آہنگی کے لیے بین الاقوامی تنظیموں، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، اور ریگولیٹری اداروں کے ساتھ روابط قائم کرنا؛

(و) ڈیجیٹل مواد کی جانچ پڑتال کے بورڈ کی سفارشات کی نگرانی کرنا اور ان پر عمل کرنا؛

(ز) مواد کی ضابطہ کاری سے متعلق شکایات، نفاذی کارروائیوں، اور تعمیل کے ریکارڈ کا ذخیرہ برقرار رکھنا؛

(ح) کوئی بھی دوسرا ایسا فریضہ انجام دینا جو اس ایکٹ کے مقاصد کے لیے ضمنی یا معاون ہو۔

(۲) اتھارٹی، باب سوم کے تحت آنے والے فرائض اور اختیارات کے علاوہ، اپنے تمام یا کسی بھی فرض اور اختیار کو، سرکاری گزٹ میں اعلامیہ کے ذریعے، اتھارٹی کے کسی بھی افسر کو ایسی شرائط کے ساتھ تفویض کر سکتی ہے جو وہ مناسب سمجھے۔

۵۔ **ڈیجیٹل مواد کی جانچ پڑتال کے بورڈ کا قیام۔**(۱) اس ایکٹ کے نفاذ کے بعد جلد از جلد، لیکن نوے دن کے اندر، وفاقی حکومت، سرکاری گزٹ میں اعلامیہ کے ذریعے، ڈیجیٹل مواد کی جانچ پڑتال کا بورڈ قائم کرے گی۔

(۲) بورڈ درج ذیل اراکین پر مشتمل ہوگا جنہیں وفاقی حکومت تین سال کی مدت کے لیے مقرر کرے گی، جو ایک بار قابل تجدید ہوگی:۔

(الف) دو علماءِ دین جن میں سے ایک مرد اور ایک خاتون، جو اسلامی فقہ میں مہارت رکھتے ہوں؛

(ب) دو ماہرینِ نفسیات جو نوجوانوں پر میڈیا کے اثرات میں مہارت رکھتے ہوں؛

(ج) صنفی حساس نقطہ نظر کو یقینی بنانے کے لیے سول سوسائٹی یا شعبۂ تعلیم سے ایک خاتون نمائندہ؛

(د) میڈیا قانون میں ایک ماہرِ قانون؛

(ہ) مواد کی ضابطہ کاری کا تجربہ رکھنے والا ایک میڈیا پروفیشنل۔

(۳) وفاقی حکومت ایک رکن کو بورڈ کا چیئرپرسن نامزد کرے گی۔

(۴) اراکین جز وقتی بنیادوں پر خدمات انجام دیں گے اور انہیں مقرر کردہ اعزازیہ اور الاؤنسز ادا کیے جا سکتے ہیں۔

(۵) کوئی بھی شخص رکن مقرر نہیں کیا جائے گا یا نہیں رہے گا اگر وہ —

(الف) اخلاقی پستی پر مبنی کسی جرم میں سزا یافتہ ہو؛

(ب) مجاز عدالت کی طرف سے فاقد العقل قرار دیا گیا ہو؛

(ج) ایک ایسا نادار ہو جسے بری الذمہ نہ کیا گیا ہو؛ یا

(د) اس ایکٹ کے تحت ریگولیٹ ہونے والے کسی ڈیجیٹل پلیٹ فارم میں براہِ راست مالی یا پیشہ ورانہ مفاد رکھتا ہو۔

(۶) کوئی رکن تحریری نوٹس وفاقی حکومت کو پیش کر کے استعفیٰ دے سکتا ہے، جو منظوری کے بعد مؤثر ہوگا۔

(۷) وفاقی حکومت کسی رکن کو بدعنوانی، نااہلی، مفادات کے ٹکراؤ، یا معقول وجہ کے بغیر مسلسل تین اجلاسوں سے غیر حاضری کی بنیاد پر ہٹا سکتی ہے، بشر طیکہ اس رکن کو سماعت کا موقع فراہم کیا جائے۔

(۸) استعفیٰ، برطرفی، موت، یا کسی اور وجہ سے پیدا ہونے والی خالی آسامی کو ساٹھ دن کے اندر پُر کیا جائے گا، اور نیا تعینات ہونے والا رکن بقیہ مدت کے لیے خدمات انجام دے گا۔

۶۔ **بورڈ کے اختیارات و فرائض۔** اس ایکٹ یا کسی دوسرے قابلِ اطلاق قانون کے تحت تفویض کردہ اختیارات اور فرائض کے علاوہ، بورڈ درج ذیل اختیارات کا استعمال کرے گا اور درج ذیل فرائض انجام دے گا، یعنی:۔

(الف) فلموں، ویب سیریز، اور او ٹی ٹی مواد کا اسٹریمنگ یا نشریات سے قبل جائزہ لینا اور منظوری دینا، بشر طیکہ پیمرا سے پہلے سے منظور شدہ مواد کو دوبارہ منظوری کی ضرورت نہیں ہوگی جب تک کہ اسے ڈیجیٹل تقسیم کے لیے دوبارہ ترمیم یا فارمیٹ نہ کیا گیا ہو؛

(ب) ممنوعہ مواد پر پابندی لگانے، اس میں ترمیم کرنے، یا اسے ہٹانے کے لیے ہدایات جاری کرنا؛

(ج) فحش یا ناشائستہ مواد کے حوالے سے از خود نوٹس پر یا شکایات موصول ہونے پر کارروائی کرنا؛

(د) اس ایکٹ کی دفعات یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد کی خلاف ورزی پر جرمانے تجویز کرنا؛

(ہ) شکایات کا فیصلہ کرنا اور اتھارٹی کو کارروائی کی سفارش کرنا؛

(و) متعلقہ فریقین سے مشاورت کے ذریعے مواد کی درجہ بندی کے لیے رہنما اصول تیار کرنا۔

۷۔ **نفاذ میں رابطہ کاری اور طریقہ کار کی درجہ بندی۔** اس ایکٹ کی دفعات کو نافذ کرنے اور مؤثر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے مقاصد کے لیے، درج ذیل رابطہ کاری کا طریقہ کار لاگو ہوگا:۔

(الف) ڈیجیٹل مواد کی جانچ پڑتال کا بورڈ اپنے سامنے شکایات، حوالہ جات، یا از خود کارروائی کے ذریعے لائے گئے مواد کی جانچ پڑتال کرے گا اور مواد کو بلاک کرنے، ہٹانے، محدود کرنے، یا اس کی درجہ بندی کے حوالے سے سفارشات جاری کر سکے گا؛

(ب) اتھارٹی، بورڈ کی سفارش موصول ہونے پر یا بصورتِ دیگر دفعہ ۴ کے تحت اپنے تعین پر، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کو انسدادِ الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶ کے دفعہ ۳۷ کے تحت مواد کو بلاک کرنے، محدود کرنے، یا غیر فعال کرنے کے لیے کسی بھی تکنیکی اقدام پر عمل درآمد کے لیے ایک باضابطہ ہدایت جاری کرے گی؛

(ج) جہاں کوئی مواد انسدادِ الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶ کے تحت قابلِ دست اندازی جرم کے زمرے میں آتا ہو، اتھارٹی اس معاملے کو تفتیش اور استغاثہ کے لیے، حسبِ ضرورت، وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) یا نامزد کردہ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کو بھیجے گی؛

(د) پی ٹی اے، شق (ب) کے تحت ایک جائز ہدایت موصول ہونے پر، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ کے تحت اپنے دائرکار کے مطابق کام کرے گی، اور حسبِ ضرورت تکنیکی اقدامات پر عمل درآمد کرے گی؛

(ہ) کسی بھی ادارہ جاتی تنازع، دوہراؤ، یا تداخل کو ایک مشترکہ عمل درآمد کمیٹی حل کرے گی، جس کا اعلان وفاقی حکومت کرے گی، اور جو وزارتِ انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن، اتھارٹی، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی اور وفاقی تحقیقاتی ادارے کے نمائندوں پر مشتمل ہوگی۔

## باب سوم

## فحش اور ناشائستہ مواد کی ممانعت

۷۔ **ممنوعہ مواد۔** (۱) کوئی بھی شخص، مواد تخلیق کار، یا سروس فراہم کنندہ ڈیجیٹل یا بصری میڈیا کے ذریعے فحش یا ناشائستہ مواد تیار، تقسیم، منتقل، یا اس کی نمائش نہیں کرے گا۔

(۲) ممنوعہ مواد میں ایسا مواد شامل ہے جو:-

(الف) نیم عریاں لباس، شہوانی افعال، یا جنسی گفتگو پر مشتمل ہو؛

(ب) زنا، ماورائے شادی تعلقات، یا جنسی بے راہ روی کی مدح سرائی کرے، سوائے اس مواد کے جو انسدادِ الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶ کی دفعہ ۲۰ تا ۲۲ کے تحت آتا ہو؛

(ج) پردہ، حجاب، اسلامی احکامات، خاندانی نظام، یا مذہبی شخصیات کا تمسخر اڑائے؛

(د) افراد کو محض جنسی نمائندگی کے لیے پیش کرے؛

(ہ) منشیات کی لت، گینگ کلچر، یا خودکشی کو فروغ دے، سوائے جہاں اس کا احاطہ انسدادِ الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶ کی دفعہ ۹ کے تحت کیا گیا ہو۔

(۳) اتھارٹی یا بورڈ فحاشی یا ناشائستگی کا تعین درج ذیل کی بنیاد پر کرے گا:-

(الف) پاکستان کے مروجہ معاشرتی معیارات؛

(ب) مواد کا سیاق وسباق، مقصد، اور سامعین؛

(ج) عوامی اخلاقیات، خصوصاً نوجوانوں پر ممکنہ اثرات۔

بشرطیکہ اس ایکٹ میں کسی بھی چیز کا یہ مطلب نہیں لیا جائے گا کہ وہ جائز اظہار پر من مانی پابندی کی اجازت دیتی ہے اور نیک نیتی سے کیے گئے سیاسی رائے کے اظہار، طنز، پالیسیوں پر تنقید، یا مذہبی گفتگو کو اس ایکٹ کے تحت ممنوعہ تصور نہیں کیا جائے گا۔

۸۔ **استثنیٰ۔** (۱) قابلِ اثبات ادبی، فنی، تعلیمی، یا سائنسی قدر رکھنے والے مواد کو بورڈ کی طرف سے استثنیٰ دیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ وہ اسلامی اصولوں اور عوامی اخلاقیات سے ہم آہنگ ہو۔

(۲) بورڈ عوامی مشاورت کے ذریعے تیار کردہ شفاف استثنیٰ کے رہنما اصول جاری کرے گا۔

## باب چہارم

## مواد کی ضابطہ کاری اور نفاذ

۹۔ **سروس فراہم کنندگان کی ذمہ داریاں۔** (۱) ہر سروس فراہم کنندہ:-

(الف) پاکستان میں اپ لوڈ کیے گئے تمام مواد کی پندرہ دن کے اندر بورڈ کو اطلاع دے گا؛

(ب) اتھارٹی یا بورڈ کی طرف سے اطلاع کے چوبیس گھنٹے کے اندر ممنوعہ مواد کو ہٹائے گا یا بلاک کرے گا؛

(ج) سات دن کے اندر شکایات کو حل کرنے کے لیے ایک شفاف شکایات ازالہ کا طریقہ کار برقرار رکھے گا؛

(د) مواد کے ریکارڈ کو تین سال کی مدت کے لیے محفوظ رکھے گا، جو انسدادِ الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶ کے دفعہ ۳۲ کے تابع ہو گا۔

(۲) عدم تعمیل کے نتیجے میں جرمانے، خدمات کی معطلی، یا بلاکنگ ہو گی۔

۱۰۔ **مواد تخلیق کاروں کی ذمہ داریاں۔** (۱) مواد تخلیق کار:-

(الف) فلموں، ویب سیریز، یا او ٹی ٹی مواد کے لیے بورڈ سے پیشگی منظوری حاصل کریں گے؛

(ب) عمر کے لحاظ سے مناسب درجہ بندی اور مواد سے متعلق انتباہات تفویض کریں گے؛

(ج) اس ایکٹ اور بورڈ کے جاری کردہ رہنما اصولوں کی تعمیل کو یقینی بنائیں گے۔

۱۱۔ **صارفین کی شکایات اور ازالہ۔** (۱) کوئی بھی شہری، والدین، یا تعلیمی ادارہ فحش یا ناشائستہ مواد کے حوالے سے بورڈ یا تحقیقاتی ادارے کے پاس شکایت درج کرا سکتا ہے۔

(۲) بورڈ:-

(الف) شکایت موصول ہونے کے بہتر (۷۲) گھنٹے کے اندر مواد کو عبوری طور پر ہٹانے کا حکم دے گا؛

(ب) بچوں، خواتین، یا مذہبی جذبات کو متاثر کرنے والی شکایات کو ترجیح دے گا؛

(ج) شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے تیس دن کے اندر شکایات کو حل کرے گا۔

(۳) جو کوئی جھوٹی یا بدنیتی پر مبنی شکایت کرے گا اسے قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد چھ ماہ تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ جو پچاس ہزار روپے تک ہو سکتا ہے یا دونوں سزائیں۔

۱۲۔ **سزائیں۔** (۱) ممنوعہ مواد کی تشہیر کرنے والے کسی بھی شخص یا مواد تخلیق کار کو سزا دی جائے گی:-

(الف) پہلی خلاف ورزی پر، قید کی سزا جس کی میعاد ایک سال تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ جو پانچ لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے یا دونوں سزائیں؛

(ب) دوسری خلاف ورزی یا سنگین خلاف ورزی پر، قید کی سزا جس کی میعاد تین سال تک ہو سکتی ہے اور جرمانہ جو پچاس لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے؛

(ج) مذہب، خواتین، بچوں، یا خاندانی نظام کی توہین پر مبنی مواد کے لیے، قید کی سزا جس کی میعاد پانچ سال تک ہو سکتی ہے اور جرمانہ جو ایک کروڑ روپے تک ہو سکتا ہے۔

(۲) دفعہ ۹ کی تعمیل میں ناکام رہنے والا کوئی بھی سروس فراہم کنندہ مستوجب ہو گا:-

(الف) پہلے جرم پر پچاس ملین روپے تک کا جرمانہ؛

(ب) بعد کے جرائم پر ایک سو ملین روپے تک کا جرمانہ اور خدمات کی معطلی؛

(ج) مسلسل خلاف ورزیوں پر لائسنس کی منسوخی یا سروس کی بلاکنگ۔

(۳) اس ایکٹ کے تحت جرائم قابل دست اندازی، ناقابل ضمانت، اور ناقابل راضی نامہ ہوں گے، سوائے اس کے جو انسدادِ الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶ کی دفعہ ۴۳ کے تحت بیان کیا گیا ہے۔

## باب پنجم

## ڈیجیٹل میڈیا اپیلیٹ ٹرائبیونل

۱۳۔ **ٹرائبیونلز۔** (۱) وفاقی حکومت، سرکاری گزٹ میں اعلامیہ کے ذریعے، اس ایکٹ کے مقاصد کے لیے اتنے ڈیجیٹل میڈیا اپیلیٹ ٹرائبیونل قائم کر سکتی ہے جتنے وہ طے کرے۔ جہاں ایک سے زیادہ ایسے ٹرائبیونل قائم کیے جائیں، وفاقی حکومت ان علاقائی حدود یا مقدمات کی قسم کی وضاحت کرے گی جن کے اندر ہر ایسا ٹرائبیونل اس ایکٹ کے تحت اپنے دائرہ اختیار کا استعمال کرے گا۔

(۲) ایک ٹرائبیونل مشتمل ہو گا:-

(الف) ایک چیئر پرسن پر، جو ہائی کورٹ کا جج رہا ہو یا بننے کا اہل ہو؛

(ب) ایک میڈیا پروفیشنل پر جو متعلقہ تجربہ رکھتا ہو اور اپنے شعبے میں معروف پیشہ ورانہ قابلیت کا حامل ہو؛

(ج) ایک انفارمیشن ٹیکنالوجی یا ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ماہر پر۔

(۳) ٹرائبیونل کے چیئرمین اور اراکین کو وفاقی حکومت تین سال کی مدت کے لیے ایسی شرائط و ضوابط پر مقرر کرے گی جو تجویز کی جائیں۔

۱۴۔ **ٹرائبیونل کا دائرہ اختیار۔** (۱) ٹرائبیونل ایسے اختیارات کا استعمال اور ایسے فرائض انجام دے گا جو اسے اس ایکٹ یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد کے ذریعے تفویض کیے گئے ہوں یا کیے جا سکتے ہوں۔

(۲) اتھارٹی یا بورڈ کے کسی بھی فیصلے سے متاثرہ کوئی بھی شخص، تیس دن کے اندر، مقرر کردہ طریقے سے ٹرائبیونل کے سامنے اپیل دائر کر سکتا ہے، بشرطیکہ ٹرائبیونل انسدادِ الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶ کے تحت پیدا ہونے والی اپیلوں کی سماعت نہیں کرے گا، جب تک کہ وفاقی حکومت یا ہائی کورٹ کی طرف سے واضح طور پر حوالہ نہ دیا جائے۔

(۳) ٹرائبیونل تمام مقدمات کا فیصلہ نوے دن کے اندر کرے گا۔ اگر فیصلہ مقررہ وقت کے اندر نہیں دیا جاتا تو ٹرائبیونل اس کی وجوہات قلمبند کرے گا۔

**۱۵۔ ٹرائبیونل کے فیصلوں کے خلاف اپیل۔** ٹرائبیونل کے حتمی فیصلے سے متاثرہ کوئی بھی شخص فیصلے کی وصولی کے ساٹھ دن کے اندر سپریم کورٹ آف پاکستان میں اپیل دائر کر سکتا ہے۔

## باب ششم

## تفتیش اور استغاثہ

۱۶۔ **تحقیقاتی ادارہ۔** (۱) اس ایکٹ کے تحت تحقیقات انسدادِ الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶ کی دفعہ ۲۹ کے تحت قائم کردہ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کرے گی۔

(۲) این سی سی آئی اے کے پاس انسدادِ الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶ کے باب سوم کے تحت بیان کردہ تلاشی، ضبطی، اور ڈیٹا کے تحفظ کے اختیارات ہوں گے۔

۱۷۔ **قابل سماعت ہونا اور مقدمے کی کارروائی۔** (۱) وفاقی حکومت، متعلقہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی مشاورت سے، اس ایکٹ کے تحت جرائم کی سماعت کے لیے عدالتوں کے پریزائیڈنگ افسران کو ایسی جگہوں پر نامزد کرے گی جو ضروری سمجھی جائیں۔

(۲) جس حد تک اس ایکٹ سے غیر مطابقت نہ ہو، مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) اور قانونِ شہادت، ۱۹۸۴ء (صدارتی فرمان نمبر ۱۰ بابت ۱۹۸۴ء) کے تحت وضع کردہ طریقہ کار پر عمل کیا جائے گا۔

## باب ہفتم

### متفرقات

۱۸۔ **دیگر قوانین کے ساتھ اس ایکٹ کا تعلق۔** (۱) کسی دوسرے قانون میں موجود کسی بھی امر کے باوجود، اس ایکٹ کی دفعات پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶، انسدادِ الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶، اور پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر کام کریں گی۔ جہاں فرائض میں تداخل ہو، وفاقی حکومت دائرہ اختیار کا تعین کرنے کے لیے مشترکہ قواعد جاری کرے گی۔

(۲) کسی بھی عدم مطابقت کی صورت میں، سخت تر شق کا اطلاق ہوگا۔

۱۹۔ **قواعد بنانے کا اختیار۔** (۱) وفاقی حکومت، وزارتِ اطلاعات و نشریات، وزارتِ مذہبی امور، اور وزارتِ قانون و انصاف کی مشاورت سے، اس ایکٹ کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے نوے دن کے اندر، سرکاری گزٹ میں اعلامیہ کے ذریعے، قواعد بنا سکتی ہے۔

(۲) مذکورہ بالا اختیارات کی عمومیت پر اثرانداز ہوئے بغیر، ایسے قواعد میں وضاحت کی جاسکتی ہے:۔

(الف) مواد کی جانچ پڑتال اور منظوری کے طریقہ کار؛

(ب) مواد کی درجہ بندی اور عمر کے لحاظ سے ریٹنگز کے معیارات؛

(ج) شکایات کے ازالے اور نفاذ کے طریقہ کار؛

(د) بین الاقوامی تعاون طلب کرنے اور فراہم کرنے کا طریقہ۔

۲۰۔ **مشکلات کا ازالہ۔** اگر اس ایکٹ کی دفعات پر عمل درآمد میں کوئی مشکل پیش آئے، تو وفاقی حکومت، اس ایکٹ کے نفاذ کے دو سال کے اندر اور سرکاری گزٹ میں شائع ہونے والے حکم کے ذریعے، ایسی دفعات بنا سکتی ہے جو اس ایکٹ کی دفعات سے غیر مطابقت نہ رکھتی ہوں اور مشکل کو دور کرنے کے لیے ضروری معلوم ہوں۔

۲۱۔ **سالانہ رپورٹ۔** اتھارٹی ہر مالی سال کے لیے اپنے آپریشنز اور اکاؤنٹس پر ایک سالانہ رپورٹ مرتب کرے گی اور اسے مجلسِ شوریٰ (پارلیمان) کے دونوں ایوانوں میں پیش کرے گی اور اس کی اشاعت اور میڈیا و عوام تک ترسیل کا بھی اہتمام کرے گی۔

### بیان اغراض و وجوہ

پاکستان میں ڈیجیٹل اور بصری میڈیا کے پھیلاؤ نے سوشل میڈیا، اسٹریمنگ سروسز، اور موبائل ایپلی کیشنز سمیت مختلف پلیٹ فارمز پر مواد تک غیر معمولی رسائی فراہم کی ہے۔ اگرچہ یہ پلیٹ فارمز تعلیم، اظہارِ رائے، اور تفریح کے مواقع فراہم کرتے ہیں، لیکن انہوں نے فحش، ناشائستہ، اور اخلاقی طور پر نقصان دہ مواد کی تشہیر کو بھی سہل بنایا ہے جو ریاست کی نظریاتی بنیادوں کے لیے خطرہ ہے، اسلامی معاشرتی اقدار کو کمزور کرتا ہے، اور عوامی اخلاقیات خصوصاً نوجوانوں پر منفی اثر ڈالتا ہے۔

موجودہ وقت میں، غیر لائسنس یافتہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز جیسے کہ اوور-دی-ٹاپ (او ٹی ٹی) سروسز، صارفین کا تیار کردہ ویڈیو مواد، اور آن لائن اسٹریمنگ کے حوالے سے ایک ضابطہ کاری کا خلا موجود ہے، جن کا موجودہ قوانین جیسے کہ پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲، اور انسدادِ الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶، میں مناسب طور پر احاطہ نہیں کیا گیا ہے۔

یہ بل اس خلا کو پُر بذریعہ درج ذیل کرنے کی کوشش کرتا ہے:

- فحاشی اور عریانی کے حوالے سے ڈیجیٹل مواد کی ضابطہ کاری کے لیے ایک مخصوص قانونی ڈھانچہ قائم کرنا؛
- متنوع ماہرین کی نمائندگی کے ساتھ ایک ڈیجیٹل مواد کی جانچ پڑتال کا بورڈ تشکیل دینا؛
- تعمیل، نفاذ، عوامی آگاہی، اور بین الاقوامی تعاون کی نگرانی کے لیے ایک نامزد اتھارٹی کو بااختیار بنانا؛
- مواد کی درجہ بندی اور شکایات کے فیصلے کا ایک طریقہ کار متعارف کرانا؛
- تکنیکی نفاذ کے لیے پی ٹی اے اور دیگر اداروں کے ساتھ رابطہ کاری کو ممکن بنانا۔

مجوزہ قانون سازی آئینِ پاکستان، اسلامی احکامات، اور کمزور ناظرین کو نقصان دہ مواد سے بچانے کے بین الاقوامی معیارات کے مطابق ہے، جبکہ یہ اظہارِ رائے کی آزادی کے حق کو عوامی شائستگی، اخلاقیات، اور سماجی ہم آہنگی کے تقاضوں کے ساتھ متوازن کرتی ہے۔


دستخط/-

(محترمہ شاہدہ رحمانی)

رکن، قومی اسمبلی